\zohaib\Data2022admin\Mis\Quotations2022\P#19

آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ

بلاک نمبر 6 (گراؤنڈ فلور) سول سیکرٹریٹ چھتر، مظفرآباد

==

ٹینڈر مطلوب ھیں :-

آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن کو آئندہ بلدیاتی انتخابات 2022ء کے لئے آزاد کشمیر کے 2623 وارڈز کی انتخابی فہرست ہا (مشتمل بر تقریباً 100000 صفحات جس میں کمی بیشی بھی ہوسکتی ہے) کے 80 گرام کمپیوٹر کاغذ (سائز A4) پر کم از کم 25،25 سیٹ بذریعہ فوٹو اسٹیٹ نقول تیار کرنے کی غرض سے آزاد کشمیر و پاکستان کی مالی طور پر مستحکم فوٹو اسٹیٹ شاپس/ فرمز سے فی صفحہ عکسی نقول فوٹو کاپی کے حساب سے نرخ Azad Jammu & Kashmir Public Procurement Rules 2017 کے قاعدہ نمبر 36 کے ذیلی قاعدہ (a) کے تحت Single Stage Single envelope ٹینڈر مطلوب ہیں۔

لہٰذا خواہشمند حضرات اپنے اپنے ریٹس مورخہ **07-07-2022** بروز جمعرات بوقت **12** بجے دن تک بنام سیکرٹری آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن بلاک نمبر 06 (گرؤنڈ فلور) سول سیکرٹریٹ چھتر دومیل مظفرآباد کے پتہ پر دستی یا بذریعہ ڈاک پہنچا دیں جو اُسی روز دن بوقت **12:30** پر کھولی جائیں گی۔ کامیاب ٹینڈر رز دھندہ کے بل سے آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے رائج الوقت جملہ ٹیکسز (انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، تجوید القرآن سیس، ایجوکیشن سیس اور کشمیر لبریشن سیس) وضع کئے جائیں گے۔ کوٹیشن میں بمعہ ٹیکس آئٹم کی کل رقم درج کی جانی ہوگی۔ ٹینڈر کے ہمراہ 10 لاکھ روپے کال ڈیپازٹ بنام ڈی ڈی او الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ ارسال کرنا ہوگا جو کامیاب ٹینڈر دھندگان کو کام کے اختتام کے بعد ریلیز کی جائیں گی۔ ٹینڈر دھندہ کو اپنی جدید ماڈل کی فوٹو سٹیٹ مشین ہا مع مشین آپریٹر اور Power Backup کا مناسب انتظام کرتے ہوئے فوٹو سٹیٹ کا تمام کام کمیشن ہذا کی طرف سے تعینات کردہ افسران کی نگرانی میں کمیشن کی طرف سے متعین کردہ مقام پر کرنا ہوگا نیز ٹینڈر منظور ہونے سے قبل کمیٹی فرم کا باقاعدہ طور پر معائنہ کرے گی کہ فرم اس کام کو کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے یا نہیں جس کے بعد ہی ٹینڈر منظور/مسترد کیا جائے گا۔ سپلائی آرڈر ملنے کے بعد 7 دن کے اندر انتخابی فہرست ہا کے مطلوبہ سیٹ تیار کر کے کمیشن ہذا کے حوالے کرنا ہونگے۔ کسی بھی ایسی فرم کو جو کہ آزاد کشمیر یا پاکستان میں Black list ہوگی وہ اس میں حصہ نہیں لے سکتی اور حصہ لینے والی تمام فرمز کو سرٹیفکیٹ دینا ہوگا کہ Black list نہیں ہے۔

مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا رولز 2017ء کے قاعدہ 33 کے تحت کوئی ایک یا تمام ٹینڈرز منظور یا مسترد کر دے۔

المشتہر

22.6.22

(راجہ راشد محمود)

الیکشن کمشنر (بلدیات)